49012 ـ طواف افاضہ نہیں کیا

سوال

میں نے طواف افاضہ نہیں کیا کیونکہ میرا خیال تھا کہ پہلا طواف ہی کافی ہے ، لھذا اب مجھ پرکیا لازم آتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

طواف افاضہ ارکان حج میں سے ایک رکن ہے جس کے بغیر حج مکمل نہیں ہوتا ، لھذا جب کوئي شخص طواف افاضہ ترک کردے تواس کا حج مکمل نہیں ، طواف افاضہ کرنا ضروری ہے لھذا وہ شخص واپس آئے اورطواف کرے اگرچہ اپنے ملک سے ہی واپس آئے اورطواف کرے ۔

اوراس حالت میں جبکہ اس نے ابھی تک طواف افاضہ نہیں کیا اس کے لیے اپنی بیوی سے میل جول کرنا بھی جائزنہیں کیونکہ وہ ابھی تک تحلل ثانی سے حلال نہیں ہوا ، کیونکہ اگروہ حج تمتع یا قران کرنے وال شخص ہوتو طواف افاضہ اورسعی کے بغیر دوسرا تحلل ہی نہیں ہوتا اوراگرحج مقرد کرنے والا ہواوراس نے طواف قدوم کے ساتھ سعی نہیں کی توپھروہ بھی طواف افاضہ اورسعی کے بغیر مکمل حلال نہیں ہوسکتا ۔ اھـ .